دوسری سہ ماہی	جماعت: اوّل	مضمون: واقفیتِ عامہ	سبقی منصوبہ بندی: 1
اُستاد کا نام: ______	ہفتہ: 4	تاریخ: ________	وقت: 40 منٹ

سبق کا نام: عبادت گاہیں

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کے متعلق جان سکیں (چرچ، مندر، گوردوارہ وغیرہ)۔
- جان سکیں کہ ہمیں تمام مذاہب اور عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "عبادت گاہیں" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

چرچ میں کون لوگ جاتے ہیں؟

مسیحی کون لوگ ہیں؟

طریقہ تدریس: 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو مسجد کی دہرائی کرواتے ہوئے بتائیں کہ مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ یہ مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے جہاں مسلمان دن میں پانچ بار نماز ادا کرنے جاتے ہیں۔
- طلبہ کو پانچ نمازوں کے نام بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کونسی نماز کس وقت پڑھی جاتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ہندو مندر میں عبادت کرتے ہیں
- صفحہ پر دی ہوئی مندر کی تصویر طلبہ کو دکھائیں اور انھیں بتائیں کہ ہندوؤں کی عبادت گاہ کو مندر کہتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسلمانوں کی طرح دوسرے مذاہب کی بھی عبادت گاہیں ہیں۔

اعادہ: 2 منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

جائزہ: **6منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ :

مسلمان عبادت کے لیے کس جگہ جاتے ہیں؟

چرچ میں کون عبادت کرتے ہیں؟

ہندو عبادت کے لیے کہاں جاتے ہیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

نام: ______________	**مضمون: واقفیتِ عامہ**	**سبق: عبادت گاہیں**

پانچ نمازوں کے نام لکھیں۔



دوسری سہ ماہی	جماعت: اوّل	مضمون: واقفیتِ عامہ	سبقی منصوبہ بندی: 2
اُستاد کا نام: ____	ہفتہ: 4	تاریخ: ______	وقت: 40 منٹ

سبق کا نام: عبادت گاہیں

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کے متعلق جان سکیں (چرچ، مندر، گوروارہ وغیرہ)۔
- جان سکیں کہ ہمیں تمام مذاہب اور عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''عبادت گاہیں'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

مسلمان دن میں کتنی نمازیں پڑھتے ہیں؟ نمازوں کے نام بتائیں۔

کیا آپ مسجد کو صاف ستھرا رکھتے ہیں؟

چرچ میں کون عبادت کرتے ہیں؟

ہندو عبادت کے لیے کہاں جاتے ہیں؟

طلبہ کو جواب دینے کا بھرپور موقع دیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 25 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ ''سکھ گوردوارے میں عبادت کرتے ہیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈ (عبادت گاہیں) دکھائیں اور مختلف عبادت گاہوں کے ناموں کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جیسے ہماری عبادت گاہ ہے ہم اس کا احترام کرتے ہیں اسی طرح ہمیں تمام عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے۔
- مختلف مذاہب کے لوگ اپنی عبادت گاہوں میں عبادت کرتے ہیں۔

اعادہ: **2منٹ**

آج کے سبق کا اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

جائزہ: **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال ii اور iii کا جواب طلبہ سے لیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

سبقی منصوبہ بندی:3	مضمون:واقفیتِ عامہ	جماعت:اوّل	دوسری سہ ماہی
وقت:40منٹ	تاریخ:______	ہفتہ:4	اُستاد کا نام:______

سبق کا نام: کھیل اور ورزش (دہرائی)

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے پسندیدہ کھیلوں کے نام بتا سکیں۔
- کھیلوں اور گروی سرگرمیوں میں شرکت کرکے مل جل کر کام کرنے کی اہمیت جان سکیں۔
- کھیل کے قوانین کی تعریف کر سکیں اور ان پر عمل کرنے کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- کھیلتے وقت کھیل کے قوانین کو جان سکین اور ان پر عمل کر سکیں۔
- اچھی صحت کے لیے کھیلوں اور ورزش کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''کھیل اور ورزش'' لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں۔ آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیئے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔ ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

اعادہ: 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ — 20منٹ

نام: ____________	مضمون: واقفیتِ عامہ	سبق: کھیل اور ورزش (دہرائی)

سوال 1: کالم الف کالم ب سے ملائیں۔

کالم الف	کالم ب
ہاکی	
فٹ بال	
کرکٹ	
لُڈّو	
بیڈمنٹن	